سوال

(168) مسکین کون ہے؟ مسکین وفقیر میں فرق کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسکین کون ہے جسے زکوۃ دی جائے؟ نیز مسکین وفقیر میں فرق کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسکین وہ فقیر ہے جس کے پاس کفایت کے بقدر پورا مال نہ ہو اور جو اس سے بھی زیادہ محتاج ہو اسے فقیر کہتے ہیں اور یہ دونوں زکوۃ کے مستحق ہیں جیسا کہ مصارف زکوۃ کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالی نے فرمایا ہے:

إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا (التوبۃ:٦٠/٩)

''(صدقات (یعنی زکوۃ وخیرات) تو مفلسوں اور محتاجوں اور کارکنان صدقات کا حق ہے۔''

جس شخص کے پاس اس قدر مال ہو جو اس کے کھانے پینے، لباس اور رہائش کی ضرورت کے لئے کافی ہو خواہ وہ واقف کی صورت میں ہو یا کسب کی صورت میں ہو یا تنخواہ کی صورت میں تو اسے فقیر یا مسکین نہیں کہا جاسکتا اور نہ اسے زکوۃ دینا جائز ہے۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 265

محدث فتویٰ